سلسلۂ حج:5

# احرام میں یہ افعال جائز ہیں۔

از: أبو الليث محمد طاهر بن عبد الرحيم قادری

تصدیق: شیخ الحدیث والتفسیر مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی –(صاحبِ فتاویٰ حج وعمرہ)

| جسم سے متعلق | لباس سے متعلق | خوشبو سے متعلق | متفرق باتیں |
|---|---|---|---|
| • مَیل چھڑائے بغیر غسل کرنا۔<br>• سر یا بدن اسطرح آہستہ سے کھجانا کہ بال نہ ٹوٹیں۔<br>• داڑھ اُکھاڑنا۔<br>• ٹوٹے ہوئے ناخن جدا کرنا۔<br>• پھنسی توڑ دینا۔<br>• آنکھ میں جو بال نکلیں اسے جُدا کر دینا۔<br>• ختنہ کرنا۔<br>• فَصد یا حجامہ کروانا ۔ (بال مونڈے بغیر) | • انگوٹھی پہننا۔(مرد کو ایک نگ والی 4.375 گرام چاندی سے کچھ کم وزن والی ایک ہی انگوٹھی جائز ہے۔اسکے علاوہ کوئی بھی زیور، کسی بھی دھات کا احرام کے علاوہ بھی جائز نہیں۔)<br>• سَر یا منہ کے علاوہ جسم کے کسی بھی حصّہ میں پٹّی باندھنا۔<br>• سَر یا گال کے نیچے تکیہ رکھنا۔<br>• کپڑے سے کان چھپانا۔<br>• ناک یا سر پر اپنا یا دوسرے کا ہاتھ رکھنا۔<br>• تھُوڑی سے نیچے مرد کی داڑھی پر کپڑا آنا۔<br>• مرد کو سر پر سامان اُٹھانا، جو کپڑے کی گٹھڑی کی صورت میں نہ ہو۔بلکہ کسی سخت شے کا بنا ہوا ڈبّہ وغیرہ ہو۔اسی طرح اناج کی بوری اُٹھانا بھی جائز ہے۔عورتیں سر پر کچھ بھی اُٹھا سکتی ہیں۔<br>• ایسا جوتا پہننا جو قدم کے بیچ کی اُبھری ہوئی ہڈی کو نہ چھپائے۔<br>• بے سلے کپڑے میں لپیٹا ہوا تعویذ گلے میں ڈالنا۔<br>• چادر کے آنچل کو تہبند میں گھرسنا۔<br>• کرتا، سلی ہوئی چادر وغیرہ پہنے بغیر صرف لپیٹ کر اوپر اوڑھ لینا۔اسطرح کہ سر اور منہ نہ چھپے۔ | • بے خوشبو کا سرمہ لگانا جائز ہے۔(ہاں! بے ضرورت ناپسندیدہ ہے)<br>• جس کھانے میں خالص خوشبو مثلاً: لونگ، الائچی وغیرہ ڈال کر پکالیا گیا ہو، اسکا کھانا(جیسے بریانی، زردہ، قورمہ)۔<br>• جس کھانے میں خوشبو ڈالی گئی ہو، لیکن وہ زائل ہو چکی ہو اور خوشبو نہیں دیتی۔اسے کھانا۔<br>• گھی، چربی یا بادام، ناریل کا تیل، جس میں خوشبو نہ ڈالی گئی ہو، اسکا بالوں اور جسم پر لگانا۔<br>• احرام سے پہلے جو خوشبو لگائی اسکا لگا رہنا۔ | • کپڑے دھونا۔(جوں مارنے کی لئے نہ ہو)<br>• چھتری یا کسی خیمے وغیرہ کے سائے میں بیٹھنا۔<br>• موذی جانور مثلاً: سانپ، کھٹمل، مچھر، چوہا وغیرہ مارنا۔<br>• پانی میں غوتا لگانا۔<br>• غیر مُحرم کا شکار کیا ہوا جانور جو کہ حلال ہو کھانا۔جبکہ وہ جانور نہ حرم کا ہو اور نہ ہی حرم میں ذبح کیا گیا ہو۔<br>• کھانے کیلئے مچھلی کا شکار کرنا۔<br>• حرم کے باہر کی گھاس اُکھاڑنا یا درخت کاٹنا۔<br>• پالتو جانور مثلاً: اُونٹ، گائے، بکرہ وغیرہ کو ذبح کرنا، اسکا گوشت پکانا، کھانا۔اسکے انڈے بھوننا، توڑنا، کھانا اور انکا دودھ دوھنا۔<br>• آئینہ دیکھنا۔<br>• نکاح کرنا۔ |